رہبرمعظم سے تاجیکستان کے صدر امام علی رحمان نے ملاقات کی - 30 /Aug/ 2012

رہبرمعظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج جمعرات سہ پہر کو تاجیکستان کے صدر سے ملاقات میں زبان اور ثقافت کو علاقائی قوموں کے درمیان دو جانبہ اور چند جانبہ تعلقات کو فروغ دینے اور مستقبل کی تعمیر کے لئے اہم قراردیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے مختلف شعبوں میں باہمی روابط کو فروغ دینے پر تاکید کرتےہوئے فرمایا: عوام کے عقائد ، آداب اور سنتوں کی تکریمان کی مضبوط حمایت جذب کرنےکا باعث بنتی ہے اورہر حکومت عوام کی اس حمایت کی بدولت بیرونی مزاحمتی عناصر کے مقابلے میں استقامت کا مظاہرہ کرسکتی ہے۔

تاجیکستان کے صدر امام علی رحمان نے بھی اس ملاقات میں اقتصادی ،سیاسی اور ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینے پر تاکید کیـ

تاجیکستان کے صدر نےناوابستہ تحریک کےسربراہی اجلاس کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کی تعریف کرتےہوئے کہا: ناوابستہ تحریک کے سربراہی اجلاس کی افتتاحی تقریب سے جنابعالی کا خطاب اس تحریک کے مؤثر ہونے میں اہم ثابت ہوگا۔

صدرامام علی رحمان نے غیر علاقائی طاقتوں کی طرف سے علاقائی ممالک کو پسماندہ رکھنے اور ان میں بحران پیدا کرنے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: ہم ایکدوسرے کےتعاون سے دشمن کے ان منصوبوں کا مقابلہ کریں گے۔